# تعارف و تبصرہ

پروفیسر احمد سعید : حصول پاکستان ۔

ناشر ایجوکیشنل ایمپوریم، لاھور، قیمت ۹ روپے، صفحات، ۳۶۶ ۔

ملنے کا پتہ : الاشرف مطبوعات، ۳۹ عالمگیر روڈ، اسلام پورہ، لاھور

پاکستان کے قیام کی تاریخی تالیفات میں اس کتاب کو نمایاں جگہ حاصل رھے گی، اس کتاب میں آزادی کی جدوجہد سے لے کر پاکستان کے قیام تک کی تاریخ شرح و بسط کے ساتھ بیان کی گئی ھے ۔

سرزمین ھند میں مسلمانوں کی آزادی کی جدوجہد کی تاریخ درحقیقت انگریزوں کے برصغیر پر تسلط کے عہد سے شروع ھوتی ھے، مگر چونکہ پاکستان کی سیاسی تاریخ لکھنے والے علیگڑھ تحریک سے کسی نہ کسی طرح وابستہ رھے ھیں اس لئے یہ لوگ پاکستان کی تحریک ھی کو آغاز بتاتے ھیں، یہ تحریک مسلم لیگ کی آخری جدوجہد سے زور پکڑتی گئی یہاں تک کہ حکومت برطانیہ نے کانگریس اور مسلم لیگ کے مطالبات کو مان کر ھندوستان کو دو حصوں میں نہایت غیر فطری اور بے ھنگم جغرافیائی حدود میں تقسیم کردیا، اور بھارت و پاکستان جغرافیۂ عالم پر نمودار ھوئے ۔

جہاں تک فوری اسباب تقسیم کا تعلق ھے یہ نظریہ ایک حد تک درست ھے، مگر قوموں کے بننے اور بگڑنے کی تاریخ میں بہت سے عوامل کارفرما ھوتے ھیں، آزادی کی جدوجہد کی تاریخ میں ان سارے عوامل کا تجزیہ بے حد ضروری ھے، برصغیر کے علمی اور ثقافتی عوامل اس قدر متنوع ھیں کہ ان کی طرف اشارہ کرنا مختصر سے تبصرے میں ممکن نہیں، البتہ یہ کہنا بےحد ضروری ھے کہ وھابی تحریک، دھلی، دیوبند، رامپور پٹنہ (پھلواری شریف) کی وہ تحریکات جن کو دینی اور علمی کہنا زیادہ موزوں ھے، تاریخ کے صفحات میں کہیں نہ کہیں ضرور محفوظ ھیں، ان سب کو علیگڑھ اور مسلم لیگ کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تاریخ میں مدغم نہیں کیا جاسکتا اور نہ ان کو یکسر بھلایا جاسکتا ہے، چنانچہ خود سرسید، علی برادران، اور علماء پاکستان کے کارنامے جن کا تفصیلی ذکر اس کتاب میں موجود ہے بہت سے ایسے مواد کی طرف غمازی کرتے ہیں جن کی وضاحت کے بغیر ان کارناموں کی حقیقت پوری طرح واضح نہیں ہوتی، ان فراموش کردہ تنظیموں کے باقیات صالحات آج بھی ہند کے مسلمانوں کی دینی و ثقافتی خدمتوں میں مصروف ہیں۔

پروفیسر احمد سعید کی موجودہ کوشش نہایت قابل تحسین ہے کہ انہوں نے ''حصول پاکستان،، ملک کے نوجوان طلبہ کے لئے لکھی ہے، کتابیات کے اضافے کے ساتھ کتاب کی اہمیت دوچند ہوگئی ہے، اور بلاشبہ یہ امید کی جاتی ہے کہ اہل علم و ارباب تحقیق کے لئے بھی یہ کتاب ممدو معاون ثابت ہوگی۔ خوبیٔ تحریر کے ساتھ طباعت بھی نہایت دیدہ زیب ہے، مؤلف و ناشرین دونوں قابل مبارکباد ہیں۔

— — — —

ماہنامہ ترجمان اہل سنت، کراچی

اعلحیضرت نمبر، بابت صفر ۱۳۹۴ھ مطابق مارچ ۱۹۷۴ صفحات ۹۶

مدیر: مولانا جمیل احمد نعیمی، قیمت ۱۰۲۵ روپے، سالانہ: ۱۲ روپے۔

اس مخصوص نمبر میں چھ مقالے حضرت مولانا احمد رضاخاں بریلوی کے علمی کارناموں اور آپ کی حیات کے مشہور واقعات سے متعلق ہیں، ان میں ان کی مجددیت کا ذکر بھی ہے۔ دیگر مضامین: مثلاً عورتوں پر اسلام کے احسانات ''کیا لفظ مولانا کا استعمال جائز نہیں،، ''اسلام اور عصری ایجادات،، وغیرہ مفید مضامین ہیں۔ طباعت قابل تحسین ہے سوانح اور تاریخی واقعات نیز نوجوان طلبہ کی کارگزاریوں کی شمولیت سے ماہنامہ کی افادیت بڑھ گئی ہے۔

محمد صغیر حسن معصومی۔